LET US TALK HEALTH

پیش کش ہمدرد - ناشر: مرکز صحت، مدینۃ الحکمۃ، ناظم آباد، کراچی۔ انگریزی کے خوش نما ٹائپ سے آرٹ پیپر پر چھپا ہوا، نہایت خوب صورت دبیز ٹائیٹل کے ساتھ، بڑے سائز کے ۱۶ صفحات کا یہ پمفلٹ/۲۵ روپے قیمت کا ہے - اس میں بچوں ہی کے لکھے ہوئے اچھے اچھے انگریزی نوٹس صحت کے موضوع پر جمع ہیں - مثلاً (BODY & MIND — DRUG MUST GO وغیرہ) آخر میں بچوں کے لیے صحت کے مختصر نکات لکھے گئے ہیں مثلاً (KEEP YOUR OWN BODY CLEAN — IF YOU FEEL ILL وغیرہ)۔ اسی طرح نوجوانوں پختہ سالوں اور بوڑھوں کے لیے الگ الگ ہدایات ہیں -

یہ کتاب ورلڈ ہیلتھ ڈے ۸۹ء پر پیش کی گئی -

اپنی دُنیا آپ پیدا کر

مصنف: زاہد منیر عامر - ملنے کا پتہ: گلوب پبلشرز - ۱۲ - اُردو بازار، لاہور - رابطے کا پتہ: دار الشکوہ - ۵۲ اسلام پورہ، سرگودھا - صفحات: ۵۳ سائز ۱۸×۲۲ غیر مجلد - قیمت: پندرہ روپے -

میرے نزدیک یہ رسالہ صحیح معنوں میں بہ قامت کہتر بہ قیمت بہتر کا مصداق ہے - موضوع اور اسلوبِ نگارش، ہر اعتبار سے مجھے یہ تحریر بہت اچھی لگی - فاضل مصنف نے اس کی ایک ایک سطر میں ضخیم کتابوں کا مفہوم سمو دیا ہے - اور وہ بات قاری تک پہنچانے کی کوشش کی ہے، جسے عمرانی علوم کا جوہر کہنا چاہیے -

جو شخص پیدا ہوا زندگی گزارتا ہے - زندگی کا حق ادا ہوتا ہے یا نہیں یا زندگی اس طرح بسر ہوتی ہے یا نہیں جس طرح بسر ہونی چاہیے؟ یہ سوال شمشیر برہنہ کی طرح سروں پر لٹکا ہوا ہے اور زاہد منیر عامر صاحب نے بہت خوب صورت انداز میں اس مشکل سوال کا حل تلاش کرنے کی کوشش کی ہے - میرے نزدیک یہ رسالہ ایسا ہے کہ اس کا مطالعہ بہت توجہ اور شوق سے کرنا چاہیے - اگر کچھ کمی محسوس ہوتی تو وہ یہ کہ مختصر ہے -

(نظر زیدی)